سبق : ۸

گنا

بچّو! تم نے گنّا ضرور کھایا ہوگا اور اس کا رس بھی پیا ہوگا۔ یوں تو کھجور، بیل اور ایسی ہی کئی چیزوں سے شکر بنائی جاتی ہے لیکن سب سے زیادہ شکر ہمیں گنے سے ملتی ہے۔

گنّا کئی قسم کا ہوتا ہے۔ سفید رنگ کا گنّا نرم اور رس دار ہوتا ہے۔ سرخ اور کالے رنگ کا گنّا سخت اور کم رس والا ہوتا ہے۔ گنے میں بھی بانس کی طرح پوریاں ہوتی ہیں۔ اس کے اوپر کے حصے پر لمبے لمبے دھار والے پتے ہوتے ہیں۔ جنھیں اگولا کہتے ہیں۔ اگولا، جانوروں کے چارے کے کام آتا ہے۔

گنّے کی کاشت کا یہ طریقہ ہے کہ اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر زمین میں دبا دیئے جاتے ہیں۔ گنّے کی ہر پوری میں ایک گانٹھ ہوتی ہے، جس میں ایک آنکھ سی بنی ہوتی ہے۔ گنّے کا پودا وہیں سے پھوٹتا ہے۔

چیت، بیساکھ کے مہینے سے گنّے کی کھیتی شروع ہو جاتی ہے۔ برسات شروع ہونے سے پہلے نہر یا کنویں سے گنّے کے کھیت میں پانی دیا جاتا ہے۔ برسات شروع ہوتے ہی گنّا بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ پانی اس کی خاص خوراک ہے۔ کنوار کے مہینے میں گنّا پک جاتا ہے، تب اسے کاٹ کر ملوں میں پہنچا دیا جاتا ہے۔ جہاں گنّے کے رس

سے شکر بنائی جاتی ہے۔ شکر سے طرح طرح کی مٹھائیاں بنتی ہیں۔

دیہات میں گنّے کے رس کو بڑے بڑے کڑاہوں میں ڈال کر پکاتے ہیں۔ جب اس کی چاشنی بن جاتی ہے، تو اس کو ٹھنڈا کر کے گڑ اور راب سے کھانڈ بنائی جاتی ہے۔ گنے کے رس سے سرکا بھی بنتا ہے۔ گنّے کے رس کو گھڑے میں بھر کر رکھ دیتے ہیں۔ کچھ دنوں کے بعد وہ سرکا بن جاتا ہے۔

☆☆☆

پڑھیے اور سمجھیے:

S.S.A. 2015-16(FREE)

مشق

سوچیے اور جواب دیجیے:

۱۔ شکر کن کن چیزوں سے بنایا جاتا ہے؟
۲۔ اگولا کسے کہتے ہیں؟
۳۔ گنے کی کاشت کا کیا طریقہ ہے؟
۴۔ گنے کے رس سے کون کون سی چیز بنائی جاتی ہے؟

نیچے کی خالی جگہوں کو اس کے سامنے دیئے گئے مناسب لفظوں سے پر کیجیے:

۱۔ سب سے زیادہ شکر.......... سے حاصل کی جاتی ہے۔ (کھجور/ گنا)
۲۔ گنے کے رس سے.......... بھی بنایا جاتا ہے۔ (راب/ سرکا)
۳۔ گنے کی خاص خوراک.......... ہے۔ (ہوا/ پانی)
۴۔ گنے کے رس کی چاشنی کو ٹھنڈا کر کے.......... اور راب بناتے ہیں۔ (کھانڈ/ گڑ)

دیے گئے لفظ میں "دار" ملا کر لفظ مکمل کیجیے اور انہیں جملوں میں استعمال کیجیے:

مثال: رس + دار = رس دار: آم ایک رس دار پھل ہے۔

وفا + دار = ...
مزے + دار = ...
کرایہ + دار = ...
پہرے + دار = ...

شکر سے بننے والی پانچ مٹھائیوں کے نام لکھیے جسے آپ پسند کرتے ہیں؟

....

....

....

....

....

گنّے کے علاوہ اور کن کن چیزوں کے رس کا استعمال مٹھائی بنانے میں کیا جاتا ہے؟

مٹھائی کا نام	کس چیز کے رس سے
....	....
....	....
....	....
....	....
....	....

تشدید والے پانچ الفاظ لکھیے۔

مثال: جنّت

....

....

....

....

....